## ملک کے عوام ایک بار ایم کیوایم کو آزمائیں اور سچی جمہوریت اور انصاف پر مبنی نظام کے قیام کیلئے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیں، الطاف حسین

## حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی قسم کی افواہوں پر کان نہ دھریں اور قومی فریضہ سمجھتے ہوئے اپنا ووٹ ضرور ڈالیں

## ایم کیوایم کے کارکنان مخالفین کی تمام تر اشتعال انگیزیوں کے باوجود ہر قیمت پر پرامن رہیں

لندن۔۔۔16 رفروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں سچی جمہوریت اور انصاف پر مبنی نظام کے قیام کیلئے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اور اسکے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام گزشتہ 60 برسوں سے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں پر مشتمل سیاسی ومذہبی جماعتوں کے امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بناتے رہے ہیں لیکن آج بھی ملک بھر کے عوام کی اکثریت زندگی کی بنیادی ضروریات اور انصاف کے حصول سے محروم ہے۔انہوں نے کہا کہ 2 فیصد جاگیردار، وڈیرے، سردار، خوانین اور سرمایہ داران مسائل سے واقف ہی نہیں ہیں جن کا سامنا پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کررہے ہیں لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے عوام شعوری بیداری کا مظاہرہ کریں اور جان لیں کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی محافظ سیاسی ومذہبی جماعتیں اور ان جماعتوں کے جاگیردار اور وڈیرے نمائندے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کبھی حل نہیں کرینگے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے صوبہ سندھ، پنجاب، سرحد اور بلوچستان کے مظلوم، محروم اور محکوم عوام سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کے بجائے پاکستان میں سچی جمہوریت اور انصاف کے نظام کے قیام کیلئے ایک مرتبہ متحدہ قومی موومنٹ پر اعتماد کریں اور حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں انشاءاللہ ایم کیوایم پاکستان اور اس کے عوام کی قسمت بدل دے گی۔جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی قسم کی افواہوں پر کان نہ دھریں اور قومی فریضہ سمجھتے ہوئے اپنا ووٹ ضرور ڈالیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں کو بھی تلقین کی کہ وہ پولنگ کے موقع پر مخالفین کی تمام تر اشتعال انگیزیوں کے باوجود ہر قیمت پر پرامن رہیں اور انتخابی ماحول کو پرامن رکھنے کیلئے بھرپور کوششیں کریں۔

## جامعہ قاسم العلوم اورنگی کے علماء کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔16 رفروری 2008ء۔۔۔جامعہ قاسم العلوم اورنگی کے علماء واساتذہ نے متحدہ کی حمایت کا اعلان کردیا ہے یہ اعلان انہوں نے پی ایس 94 کے امیدوار سید رضا حیدر اور پی ایس 95 کے امیدوار سید منظر امام سے ایک ملاقات میں کیا۔جامعہ بنوریہ العالمیہ کے شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم کی ہدایت کی تعمیل کرتے ہوئے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے والوں میں جامعہ قاسم العلوم صدیق اکبر کالونی اورنگی ٹاؤن کے پرنسپل اور علماء امن کونسل کراچی کے ڈویژنل امیر علامہ عبیدالرحمٰن، شاکر، جمعیت شاہین اسلام کے ناظم اعلیٰ اور معروف قلمکار حافظ ارباب، تنظیم شباب پختون سندھ یوتھ ونگ کے جنرل سیکریٹری قاری محمد یوسف باجوڑی، قاری حمادالرحمٰن ابوبکر، حافظ ذکرالرحمٰن غنی، میاں عبداللہ اور دیگر علماء کرام شامل ہیں۔متحدہ میں حمایت کا اعلان کرنے والے علمائے کرام اور اساتذہ کرام نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے فرقہ واریت کا خاتمہ کرکے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور عوام کو متحد کرکے اسلام کی عملی خدمت کی ہے۔انہوں نے جامعہ قاسم سے منسلک عوام سے اپیل کی ہے کہ 18 رفروری کو حق پرستی کا مظاہرہ کریں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر مہر لگائیں۔اس موقع پر حق پرست جنرل کونسلر شمیم اختر، الیس کے اظہار اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے ارکان بھی موجود تھے۔

## بوہرہ جماعت کی جانب سے عام انتخابات میں ایم کیوایم کی حمایت کا اعلان

## چنیوٹ شیخ برادری اور شکارپور کے قاسم پنہور کی متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔16 رفروری 2008ء۔۔۔نارتھ ناظم آباد بوہرہ جماعت کمیونٹی نے عام انتخابات میں ایم کیوایم کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان بوہرہ جماعت کے نمائندے افیق حسین نے نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹ کمیٹی کے تحت بارہ دری میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔افیق حسین نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت کے دور میں جو مثالی کام کرائے جارہے ہیں اسے شہر کے ہر طبقہ کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔اجتماع میں ناظم آباد کی چنیوٹ شیخ برادری کے شیخ محمد شفیق نے اپنی برادری سمیت، خانزادہ عمران خان اور شکارپور کے محمد قاسم

پنہور نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔متحدہ میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے اپنی اپنی برادری کے افراد سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## شیخ الحدیث مولانا مفتی فیض اللہ آزاد نے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی۔۔۔16رفروری2008ء۔۔۔بانی ومہتمم جامعہ دارالعلوم حنفیہ للبنین والبنات وٹرسٹ اورنگی ٹاؤن کے شیخ الحدیث مولانا مفتی فیض اللہ آزاداور دیگر علمائے کرام نے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے اپنے تمام مریدین، علماء کرام اور ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 18،فروری کو حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت کرنیوالوں میں مولانا قاری ابومحمد جمیل الرحمٰن، مولانا مفتی فضل الرحمٰن، مولانا قاری محمودالحسن، مولانا خالد محمود، مولانا شفقت محمود، مولانا عبدالرحیم ربانی، مولانا ضیاء الرحمٰن، مولانا سعیدالرحمٰن، مولانا قاری عبدالباسط، مولانا سعداللہ، مولانا مفتی فیض الحق، مولانا حبیب النبی، مولانا مفتی قاری فضل الرحمٰن آزاد، مولانا ذوالفقار احمد، مولانا عبدالحلیم، مولانا عبدالعزیز، مولانا عبدالغفار، مولانا سعادت اللہ، مولانا قاری عبدالرحمٰن، مولانا عبدالرشید، قاری محمد صدیق، قاری محمد اشرف، قاری محمد اکرم، حاجی غلام قادر جنید، محمد رفیق، محمد عبداللہ، فیصل، شاہین الیاس، قاری عبدالرحیم، مولانا ضیاءاللہ خان، مولانا عبدالرحمٰن، عطاءاللہ، محمد رفیق رحیمی، محمد عاشق حسین شاہ، عبدالخالق اور دیگر علمائے کرام وقاری صاحبان شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے حق پرست عوامی نمائندے خلق خدا کی عملی خدمت میں مصروف ہیں اور صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں ترقیاتی کام حق پرست قیادت کی عملیت پسندی کا کھلا ثبوت ہیں۔مولانا مفتی فیض اللہ آزاد اور دیگر علمائے کرام نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18،فروری کو ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کریں۔

☆☆☆☆☆